© rasailojaraid.com

# مسافرانِ عدم

مجلس احرار اسلام لاہور دفتر کے کارکن منظور احمد صاحب کے دادا گزشتہ دنوں ربوہ میں انتقال کر گئے ۔ وہ مسجد احرار ربوہ سے متصل بستی کوٹ وساوا کے رہائشی تھے۔

مجلس احرار اسلام قصور کے سابق صدر مستری مبارک علی صاحب کی اہلیہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئیں۔

مجلس احرار اسلام قصور کے سینئیر نائب صدر مولانا محمد اکبر گزشتہ دنوں دل کا دورہ پڑنے سے رحلت فرما گئے۔

مجلس احرار اسلام ملتان کے بزرگ کارکن محترم شیخ تاج محمد لدھیانوی ۲۴ مارچ ۱۹۹۷ء کو ۸۰ برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ مرحوم تقسیم ملک سے قبل لدھیانہ میں مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ ہوئے اور تادمِ آخر جماعت سے وابستہ رہے۔ محترم مزمل سعید (آفیسر الائیڈ بینک) اور پروفیسر خالد سعید آپ کے فرزند ہیں۔

مجلس احرار اسلام ملتان کے بزرگ کارکن محترم حاجی کریم بخش صاحب گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔

مجلس احرار اسلام کراچی کے صدر محترم شفیع الرحمن کے چچا اشفاق احمد خان ۲۴ اور ۲۵ مارچ کی درمیانی شب کراچی میں انتقال کر گئے۔

میاں قمر الدین صاحب ابوحری ۲۱ جنوری ۱۹۹۷ء ۱۱ رمضان ۱۴۱۷ کو بورے والہ میں انتقال کر گئے ہیں ۔ ان کی عمر تقریباً ۱۰۵ سال تھی۔ تحریک تحفظ ختم نبوت کے انتھک کارکن کے حوالے سے اپنے شہر اور علاقہ میں مشہور تھے۔ مولانا اشرف علی تھانوی ، مفتی کفایت اللہ ، مولانا حسین احمد مدنی ، علامہ انور شاہ کشمیری رحمھم اللہ جیسے بزرگوں کی صحبت میں ایک عرصہ تک رہے۔ مجلس احرار اسلام سے بھی وابستہ رہے۔ تمام عمر شرک و بدعت اور رسوم و رواج کی بیخ کنی اور دینی جدوجہد میں گزار دی۔ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری اور قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمھم اللہ کی مہمان نوازی کا بھی انہیں شرف حاصل تھا۔

مجلس احرار اسلام لاہور کے بزرگ کارکن محترم چودھری محمد اکرام صاحب کے بھائی جناب چودھری محمد نسیم صاحب کی اہلیہ محترمہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔

ملتان سے ہمارے کرم فرما اور حضرت سید ابو معاویہ ابوذر بخاری رحمہ اللہ کے ارادت مند محترم احمد یار خان گزشتہ دنوں اچانک انتقال کر گئے۔

امام القراء حضرت قاری رحیم بخش رحمۃ اللہ علیہ کے خلف الرشید حضرت قاری محمد عبداللہ (ساہیوال والے) گزشتہ دنوں ٹریفک کے ایک حادثہ میں رحلت فرما گئے۔ اس حادثہ میں ان کی اہلیہ ،صاحبزادی اور نواسی بھی انتقال کر گئیں۔ حضرت قاری رحیم بخش کے خاندان اور ان کے جملہ متعلقین و منتسبین کے لئے یہ حادثہ بہت اندوہ ناک ہے۔ قاری محمد عبداللہ صاحب ، اپنے والد ماجد کے حقیقی جانشین تھے، ان کی رحلت سے خدمتِ قرآن کا ایک روشن باب ختم ہوگیا ہے۔

(بقیہ ص ۵۹ پر)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## وفاق المدارس الاحرار پاکستان کے تحت قائم دینی ادارے

مجلس احرار اسلام، دینی انقلاب کی داعی جماعت ہے۔ یہ انقلاب دینی مزاج اور دینی ماحول پیدا کئے بغیر ممکن نہیں۔ موجودہ کافرانہ نظامِ ریاست، جمہوریت اور کافرانہ تہذیب و ثقافت کے خلاف نئی نسل کی ذہن سازی اور تربیت کے لئے مدارس میں ایسا ماحول پیدا کیا جانا از حد ضروری ہے جو دینی انقلاب کی منزل قریب تر کر دے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے مجلس احرار اسلام کے شعبۂ تبلیغ کے زیر اہتمام وفاق المدارس الاحرار پاکستان کے تحت درج ذیل مدارس تعلیم و تدریس میں مصروف ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ① | مدرسہ ختم نبوت | مسجد احرار | ربوہ ضلع جھنگ فون: 211523(04524) |
| ② | بخاری پبلک سکول | | ربوہ ضلع جھنگ فون: |
| ③ | مدرسہ معمورہ | جامع مسجد ختم نبوت | دار بنی ہاشم، ملتان فون: 511961(061) |
| ④ | مدرسہ معمورہ | مسجد نور | تغلق روڈ، ملتان |
| ⑤ | مدرسہ معمورہ | مسجد اسامہ | فاروق پورہ، پرانا شجاع آباد روڈ ملتان |
| ⑥ | مدرسہ محمودیہ | مسجد المعمور | ناگڑیاں، ضلع گجرات |
| ⑦ | دارالعلوم ختم نبوت | جامع مسجد چیچہ وطنی | فون: 611657(0445) |
| ⑧ | احرار ختم نبوت مرکز | مسجد عثمانیہ | ہاؤسنگ سکیم چیچہ وطنی فون: 610955(0445) |
| ⑨ | مدرسہ ختم نبوت | مسجد ختم نبوت | شہزاد کالونی صادق آباد فون: 75464(0702) |
| ⑩ | مدرسہ ختم نبوت | مسجد ختم نبوت | نواں چوک، گڑھا موڑ ضلع وہاڑی |
| ⑪ | مدرسۃ العلوم الاسلامیہ | جامع مسجد | گڑھا موڑ (وہاڑی) فون: 690013(0693) |
| ⑫ | مدرسہ ابوبکر صدیق | جامع مسجد ابوبکر صدیق | تلہ گنگ (چکوال) |
| ⑬ | بستان عائشہ (برائے طالبات) | | دار بنی ہاشم، ملتان فون: 511356(061) |
| ⑭ | مدرسۃ البنات (برائے طالبات) | | گڑھا موڑ ضلع وہاڑی |
| ⑮ | مدرسہ احرار اسلام رحیمیہ | | بستی گودڑی (حاصل پور) |
| ⑯ | مدرسہ احرار اسلام | | مسجد سید نا علی المرتضیٰ، چکڑالہ، ضلع میانوالی |
| ⑰ | مدرسہ معاویہ | | جھنگ روڈ، ٹوبہ ٹیک سنگھ |
| ⑱ | مدرسہ معمورہ | مسجد معاویہ | بستی مہر پور ضلع مظفر گڑھ |
| ⑲ | مدرسہ احرار اسلام | | بستی شام دین قائم پور ضلع بہاولپور |

۱۱ ادارے اپنے اخراجات خود برداشت کرتے ہیں جبکہ ۷ اداروں کا کفیل وفاق ہے جن میں بامشاہرہ تعلیم و تدریس اور دیگر امور سر انجام دینے والے افراد کی کل تعداد ۳۰ ہے۔ ان کے اخراجات کا سالانہ تخمینہ ۱۵ لاکھ روپے ہے۔ مستقبل کے تعلیمی، تنظیمی، اور تعمیری منصوبوں کی تکمیل پر تقریباً تیس لاکھ روپے خرچ ہوں گے۔ تعاون آپ کریں، دعا اور کام ہم کریں گے، اجر اللہ پاک دیں گے

**ترسیل زر کے لیے**

**بذریعہ منی آرڈر، بنام:** سید عطاء المحسن بخاری مدیر وفاق المدارس الاحرار پاکستان دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان

بذریعہ بینک ڈرافٹ یا چیک اکاؤنٹ نمبر 29932، حبیب بینک حسین آگاہی ملتان



© rasailojaraid.com